[قومی اسمبلی میں پیش کردہ صورت میں]

# اسلام آباد دارالحکومتی علاقہ میں دودھ اور دودھ کی مصنوعات کی پیداوار اور مارکیٹنگ کو منضبط بنانے کے لیے احکام وضع کرنے کا بل

چونکہ یہ قرین مصلحت ہے کہ اسلام آباد دارالحکومتی علاقہ میں دودھ اور دودھ کی پیداوار اور مارکیٹنگ کو منضبط بنانے اور مقامی طور پر پیدا ہونے والے اور درآمدی دودھ اور دودھ کی مصنوعات دونوں کی حفظان صحت کے اصولوں کے مطابق پیداوار، نقل و حمل اور تجارتی پیمانے پر تقسیم کے لیے کم سے کم معیارات اور تقاضے مقرر کئے جائیں؛

اور چونکہ مزید یہ قرین مصلحت ہے کہ دودھ اور دودھ کی مصنوعات کی بنیادی سطح پر پیداوار، نقل و حمل، پروسیسنگ اور تقسیم میں حفظان صحت کے اصولوں کے مطابق رہنمائی فراہم کی جائے۔ یہ دودھ کو ہلکا کرنے اور دیگر مادوں کی شمولیت کے ذریعے آلود دودھ اور مرض اور جراثیموں کے ذریعے جانوروں سے مرضی اور عناصر کی منتقلی کے باعث صحت کو درپیش ممکنہ خطرات سے صارف کو تحفظ فراہم کرے گا۔

بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:۔

۱۔ **مختصر عنوان، وسعت اور آغاز نفاذ۔** (۱) ایکٹ ہذا محفوظ دودھ اور ڈیری مصنوعات کے ایکٹ، ۲۰۲۴ء کے نام سے موسوم ہو گا۔

(۲) یہ اسلام آباد دارالحکومتی علاقہ پر وسعت پذیر ہو گا۔

(۳) یہ فی الفور نافذ العمل ہو گا۔

۲۔ **تصریحات۔** ایکٹ ہذا میں، تاوقتیکہ متن بصورت دیگر کسی اور امر کا متقاضی ہو، حسب ذیل عبارات سے بذریعہ ہذا بالترتیب وہی معنی مراد دیئے جائیں گے جنہیں ان کی جانب سے منسوب کیا گیا ہے، یعنی:۔

(الف) "دودھ کی مصنوعہ" سے مراد مقومی غذاؤں، پروسیسنگ معاونین اور تیاری کے عمل کے لیے دیگر ضروری اجزائے ترکیبی کے اضافہ کے ساتھ دودھ سے حاصل ہونے والی مصنوعہ ہے؛

(ب) "پاسچری طریق سے صاف کرنے کا عمل" سے مراد یہ ہے کہ دودھ اور کریم میں معزخوردبینی نامیاتی اجزا کی تعداد کو کم کرنے کی عرض سے وقت کے امتزاج کے ساتھ مخصوص درجہ حرارت پر ہیٹ ٹریٹمنٹ دیا جائے گا۔ اس کا مقصد دودھ کی شیلف لائف کو بڑھانا ہے اور اس کے لیے کم سے کم کیمیائی، طبعی اور اعضائے حسن تبدیلیوں کو بروئے کار لانا ہے۔ پاسچری طریق کی حالتیں اس طرح ترتیب دی جاتی ہیں کہ ان کے ذریعے چھوٹے سلاخی جراثیم، تپ دق اور دیگر مضر مرض آور عناصر کے نامیاتی اجزا کو مؤثر انداز سے تلف کرنا ہے۔ دودھ اور کریم کا پاسچری طریق منفی فاسفورس سرگرمی اور مثبت پروکسائیڈ سرگرمی پر منتج ہوتا ہے۔

(ج) "تحفظ صحت عامہ" سے مراد یہ ہے کہ صارف کو آلودہ دودھ اور دودھ کی مصنوعات کے باعث کسی بھی خرابی صحت سے تحفظ فراہم کرنے کے لیے ممکنہ خطرات پر قابو پانے اور ان کا اندازہ لگانے کی سطحیں ہوں گی۔

(د) "خام دودھ" سے مراد دودھ دینے والے صحت مند جانوروں تھنوں سے حاصل ہونے والا صاف اور تازہ دودھ ہے جو معلی سے بوہلی پاک اس میں کسی اضافہ یا اخراج کے بغیر ہو گا اور مزید پروسیسنگ کے دینے کے لیے موزوں ہو گا۔

(ہ) "حرارت دینے کے عمل سے گزارنے کا طریقہ" سے مراد ایک مخصوص درجہ حرارت اور وقت کے امتزاج کے ساتھ ہیٹ ٹریٹمنٹ دینا ہے جس کا مقصد دودھ میں نامیاتی اجزا کی تعداد کو کرنا اور مزید پروسیسنگ سے قبل دودھ کو طویل عرصے تک ذخیرہ کرنے کے قابل بنانا ہے حرارت دینے کی حالیتی ۱۵ سے ۲۰ سکینڈ تک کے لئے ۶۲ ڈگری سنٹی گریڈ سے ۶۵ ڈگری سنٹی گریڈ ہیں۔ حرارت کے عمل سے گزرنے والا دودھ لازماً فاسفورسی مثبت ہو گا۔

(و) "اسکیم" سے مراد ایکٹ ہذا کے تحت تیار کردہ اسکیم ہے۔

(ز) "بورڈ" سے مراد اس ایکٹ کے تحت قائم کردہ دودھ ڈیری بورڈ ہے؛

(ح) "چیئرمین" سے مراد بورڈ کا چیئرمین ہے؛

(ط) "ڈپو" سے، مراد جگہ ہے جہاں بورڈ کی جانب سے دودھ یا دودھ کی مصنوعات پر اسیس، تیار یا فروحت کی جاتی ہیں؛

(ی) "گھی" سے مراد دودھ میں موجود قدرتی اور مکمل چربی ہے؛

(ک) "صارف" سے مراد وہ شخص ہے جو دودھ کی مصنوعات کو فروخت کے لیے نہیں بلکہ اپنے استعمال کے لیے خریدتا ہے؛

(ل) "دودھ کی پیداوار" سے مراد دودھ، ملائی، مکھن، گھی، پنیر یا دودھ سے تیار کردہ کوئی اور مصنوعہ یا ضمنی مصنوعہ؛

(م) "ڈائریکٹر" سے مراد وہ شخص ہے جو وقتی طور پر ڈائریکٹر آف ویٹرنری سروسز کے فرائض انجام دے رہا ہو؛

(ن) "ڈسٹری بیوٹر" سے مراد وہ شخص ہے جو فروحت کی غرض سے ڈیری اشیاء خریدتا ہے؛

(س) "گھی" سے مراد خالص گھی ہے جس میں کوئی حفاظتی یا رنگنے والی شے نہ ہو اور اس میں فیٹسر آئل شامل نہ کیا گیا ہو؛

(ع) "لائسنس" سے مراد پرمٹ، سند یا کوئی اور تحریری اجازت ہے، جس کا اس ایکٹ کے تحت کسی سرگرمی میں ملوث ہونے یا کسی بھی ڈھانچے یا سہولت کو چلانے کے ضمن میں، پاس ہونا ضروری ہے۔

(ف) "دودھ" سے مراد سفید مائع ہے جو گائے، بکری، اونٹ اور بھیڑ کے تھنوں سے حاصل کیا جاتا ہے؛

(ص) "پیکج" میں کاسک کیج، کریٹ، کین، ڈبہ، کیس، ریپر، ٹن کی بوتل، کارٹن اور ہر قسم کا کوئی اور طرف یا ڈھکنا جو دودھ کی اشیاء کی پیکنگ کے لیے استعمال ہوتا ہے؛ شامل ہیں؛

(ق) "شخص" سے مراد کوئی ایسا شخص ہے جو دودھ یا دودھ کی مصنوعات کی پیداوار، پراسینگ، پیکنگ، پہنچانے، ذخیرہ کرنے یا ڈسپلے کرنے کا کام سرانجام دے رہا ہو؛

(ر) "اعاطہ" سے مراد بلدیہ کی جانب سے دودھ کی خوردہ فروش کے لیے ایک مقام ہے۔

(ش) "پروڈیوسر" سے مراد وہ شخص ہے جو فروخت کے لیے دودھ کی اشیاء تیار، پراسیس، مینوفیکچر یا ٹریٹ کرتا ہے؛

(ت) "رجسٹرڈ پروڈیوسر" سے مراد اس ایکٹ کے تحت رجسٹرڈ شخص ہے؛

(ث) "خوردہ فروش" سے مراد وہ شخص ہے جو براہ راست صارفین کے ڈیری اشیاء فروخت کرتا ہے یا وہ شخص جو ڈسٹری بیوٹر سے ڈیری اشیاء خرید کر آگے صارفین کو بیچتا ہے۔

(خ) "فروخت" میں پیشکش کرنا، اشتہار دینا، ظاہر رکھنا، ارسال کرنا، سے آگاہ کرنا؛ منتقل کرنا یا بیچنے کے لیے تیار کرنا اور کسی تبادلہ یا حوالے کرنا شامل ہے۔

(ذ) "حکومت" سے مراد وفاقی حکومت ہے؛

(ض) "رکن" سے، مراد بورڈ رکن ہے؛

(الف الف) "دودھ دینے والے جانور سے مراد گائے، بھینس، بھیڑ اور بکری ہیں؛

(ب ب) "مالک" سے مراد دودھ دینے والے جانوروں کا مالک ہے جو کلی طور پر ان کا دودھ اپنے گھر کے لیے استعمال کرتا ہے؛

(ج ج) "تجویز کردہ" سے مراد اس ایکٹ کے تحت بنائے گئے قواعد کے ذریعے تجویز کردہ ہے؛

(د د) "پراجیکٹ ڈائریکٹر" سے مراد دفعہ ٦ کے تحت مقرر کردہ پراجیکٹ ڈائریکٹر ہے؛

۳۔ **بورڈ کا قیام اور تشکیل۔** (ا) اس ایکٹ کے نفاذ کے فوراً بعد اس علاقے میں اس ایکٹ کے مقاصد کو پورا کرنے کے لیے ایک دودھ بورڈ قائم کیا جائے گا۔

(۲) یہ بورڈ ایکٹ دوامی توارث کا حامل ہیئت اجتماعیہ ہو گا اور اس کی ایک مشترکہ مہر ہو گی، اسے ایکٹ کی تصریحات کے تحت منقولہ اور غیر منقولہ دونوں جائیدادیں حاصل کرنے، رکھنے اور فروخت کرنے کے اختیارات حاصل ہوں گے اور مذکورہ نام سے مقدمہ کر سکے گا اور اس پر مقدمہ کیا جا سکے گا۔

۴۔ **بورڈ کی تشکیل:۔** (۱) بورڈ ان ارکان پر مشتمل کیا ہو گا جن کی حکومت تقرری کر سکتی ہے۔

(۲) کوئی رکن تاوقتیکہ حکومت نہ ہٹا دے، تین سال کی مدت تک اپنے عہدے پر رہے گا اور اس کی ان مدتوں کے لیے دوبارہ تقرری کی جا سکتی ہے جن کی حکومت وقتاً فوقتاً صراحت کر سکتی ہے۔

(۳) حکومت اتفاقی اسامی پُر کرے گی اور اس اسامی پر تقرر کیا جانے والا رکن اپنے پیشرو کی غیر اختتام شدہ مدت کے لیے عہدے پر رہے گا۔

(۴) بورڈ وقتاً فوقتاً حکومت کی جانب سے دی جانے والی ہدایات کی راہنمائی میں اپنے فرائض منصبی ادا کرے گا۔

(۵) اگر بورڈ ذیلی دفعہ (۴) کے تحت کسی ہدایت پر عمل کرنے میں ناکام رہتا ہے تو حکومت اس کے ارکان کو ہٹا سکتی ہے اور بورڈ کی باز تشکیل عمل میں لا سکتی ہے۔

۵۔ **چیئرمین کی تقرری۔** (۱) حکومت ارکان میں سے ایک چیئرمین ارکان میں سے ایک چیئرمین کی تقرری کرے گی۔

(۲) چیئرمین بورڈ کا چیف ایگزیکٹو ہو گا۔

۶۔ **پراجیکٹ ڈائریکٹر کی تقرری:۔** (۱) حکومت ہر مقامی علاقہ کے لئے ایک پراجیکٹ ڈائریکٹر کی ان کی قیود و شرائط پر تقرری کرے گی جو حکومت متعین کر سکتی ہے۔

(۲) پراجیکٹ ڈائریکٹر اسکیموں کی تعمیل اور بورڈ کے فیصلوں پر عمل درآمد کا ذمہ دار ہو گا۔

(۳) پراجیکٹ ڈائریکٹر بورڈ کا سیکرٹری ہو گا۔

۷۔ **چیئرمین کی قابلیت اور ہٹانا۔** (۱) کوئی شخص رکن برقرار نہیں رہے گا جو

(الف) جو اخلاقی پستی کے حامل کسی جرم میں سزا یافتہ ہو یا رہا ہو۔

(ب) دیوالیہ ہو یا کسی وقت دیوالیہ قرار دیا جا چکا ہو۔

(ج) روزگار کے لیے نااہل ہو یا کسی وقت نااہل رہا ہو یا ریاست کی ملازمت سے برطرف کیا گیا ہو۔

(د) کمسن ہو؛ یا

(ہ) پاگل یا ذہنی عدم توازن کا شکار پایا جائے۔

(و) بورڈ کے دائرہ اختیار میں آنے والے معاملات میں براہ راست مالی مفاد رکھتا ہے۔

(ز) خراب شہریت کا حامل ہو۔

(۲) حکومت چیئرمین یا کسی رکن کو سننے کا موقع دینے اور مجوزہ کارروائی کی وجہ ظاہر کرنے کے بعد تحریری فرمان کے ذریعے چیئرمین یا کسی رکن کو ہٹا سکتی ہے، اگر؛

(الف) وہ انکار کرتا ہے یا عہدہ برا ہونے میں ناکام رہتا ہے یا حکومت کی رائے میں ایکٹ ہذا کے تحت اپنی ذمہ داریاں ادا کرنے کے قابل نہیں رہتا؛ یا

(ب) اس نے حکومت کی رائے میں بحیثیت چیئرمین یا رکن اپنی پوزیشن کا غلط استعمال کیا ہو؛ یا

(ج) اس نے بورڈ کے ساتھ یا اس کے کسی کنٹریکٹ یا ملازمت میں بلاواسطہ یا بالواسطہ طور پر یا کسی شریک کار کے ذریعے حکومت کی تحریری اجازت کے بغیر جان بوجھ کر کوئی حصہ یا مفاد حاصل کیا ہو یا حاصل کرنا جاری رکھا ہو یا کسی ایسی زمین یا جائیداد کے حوالے سے ایسا کیا ہو جس سے اس کے علم کے مطابق بورڈ کی عمل کاریوں کے نتیجے میں فائدہ حاصل ہو یا حاصل ہونے کا امکان ہو۔

(د) جو چیئرمین ہونے کی صورت میں حکومت کی اجازت کے بغیر اور رکن ہونے کی صورت میں چیئرمین کی اجازت کے بغیر بورڈ کے مسلسل تین اجلاسوں میں غیر حاضر رہا ہو۔

۸۔ **افسران کی تقرری وغیرہ۔** (۱) بورڈ اپنے فرائض منصبی کی احسن طریقے سے انجام دہی کے لیے ان قیود و شرائط کے مطابق افسران، مشیران اور ملازمین کی تقرری کر سکتا ہے جو وہ ضروری خیال کرے اور حکومت کی منظور کردہ اسکیم کے مطابق مناسب ہوں۔

(۲) چیئرمین فوری صورتحال کے پیش نظر ان قیود و شرائط پر افسران، مشیران اور ملازمین کی تقرری کر سکتا ہے جن کو وہ مناسب خیال کرے بشرطیکہ ایسی تعیناتی کے بارے میں بلاجواز تاخیر کے بغیر بورڈ کو آگاہ کرنا ہو گا اور جب تک بورڈ کی جانب سے اس کی منظوری نہ دے دی جائے اسے چھ ماہ سے زیادہ عرصہ کے لیے جاری نہیں رکھے جا سکے گا۔

۹۔ **غیر سرکاری اراکین کے لیے فیس اور ٹی۔اے:۔** کوئی رکن، جو سرکاری ملازم نہ ہو کو بورڈ کے اجلاسوں میں شرکت کرنے کے لیے یہ فیس اور سفری الاؤنس دیا جائے گا، جیسا کہ تعین کیا جائے گا۔

۱۰۔ **بھرتی، ملازمت کی شرائط اور انضباطی اختیارات۔** (۱) بورڈ کے افسران اور ملازمین کی تقرری اور ان کی ملازمت کی شرائط وضوابط وہ ہوں گی جو ضوابط کے ذریعے متعین ہوں گی۔

(۲) قواعد وضوابط کے تحت، بورڈ اپنے افسران اور ملازمین کے خلاف تادیبی کارروائی کرنے کا مجاز ہو گا۔

۱۱۔ **بورڈ کا اجلاس۔** (۱) بورڈ کا اجلاس ایسے اوقات اور ایسے مقامات پر، اور جتنی بار ضروری ہوں، منعقد کیے جائیں گے، تاہم بورڈ کو تین ماہ میں کم از کم ایک بار اجلاس منعقد کرنا ہو گا۔

(۲) بورڈ کے اجلاس میں کورم اراکین کی کل تعداد کا نصف ہو گا؛

(۳) بورڈ کے اجلاس چیئرمین کی زیر صدارت ہوں، اور چیئرمین کی عدم موجودگی میں اس کی جانب سے تحریری طور پر اختیار کردہ رکن کے ذریعے یا اس مقصد کے لیے موجودہ اراکین میں سے منتخب کردہ رکن کے زیر صدارت ہوں گے۔

(۴) اجلاس میں بورڈ کے سامنے پیش کیے جانے والے تمام معاملات کا فیصلہ ووٹوں کی اکثریت سے ہو گا۔ چیئرمین سمیت تمام اراکین کا ایک ووٹ ہو گا، تاہم ووٹوں کی برابری کی صورت میں چیئرمین کا دوسرا یا فیصلہ کن ووٹ ہو گا۔

(۵) بورڈ کے ہر اجلاس کی روداد، حاضر اراکین کے نام دیگر چیزوں کے ساتھ تحریر کرتے ہوئے، تیار کی جائے گی اور اس مقصد کے لیے رکھی جانے والی کتاب میں ریکارڈ کیا جائے گا، اور اجلاس اور اس کی صدارت کرنے والے فرد پر اس کتاب پر دستخط ہوں گے اور اراکین کے معائنہ کے لیے یہ کتاب دستیاب ہو گی۔

۱۲۔ **حکومت کو ایجنڈا وغیرہ کی ترسیل۔** (۱) چیئرمین ہر اجلاس کے انعقاد کی تاریخ سے پندرہ دن کے اندر حکومت کو ہر ایجنڈے، ورکنگ پیپر اور روداد کی نقل ارسال کرے گا۔

(۲) حکومت بورڈ سے پیش کرنے کا تقاضہ کر سکتی ہے

(الف) کوئی گوشوارہ، بیانیہ، تخمینے اعداد و شمار اور بورڈ کے زیر انتظام معاملہ سے متعلق دیگر معلومات؛ یا

(ب) ایسے معاملات پر کسی رپورٹ، کی طلبی، اور بورڈ اس کی فراہمی پر بغیر کسی تاخیر کے عملدرآمد کرے گا۔

۱۳۔ **اختیارات کی تفویض۔** (۱) بورڈ ایکٹ ہذا کے تحت یا قواعد یا ضوابط کے تحت چیئرمین کو کسی رکن کو، پراجیکٹ ڈائریکٹر یا کسی افسر کو اپنا کوئی بھی اختیار تفویض کر سکتا ہے۔

(۲) اسی طرح چیئرمین، ایکٹ ہذا کے تحت یا قواعد یا ضوابط کے تحت کسی رکن، پراجیکٹ ڈائریکٹر یا افسر کو اپنے کوئی اختیارات تفویض کر سکتا ہے جو بورڈ کی جانب سے اُسے ذیلی دفعہ (۱) کے تحت حاصل نہیں ہیں۔

۱۴۔ **بورڈ کے فرائض منصبی۔** (۱) بورڈ کے فرائض منصبی یہ ہیں کہ وہ یہ یقینی بنائے کہ مقامی علاقے میں دودھ اور دودھ کی مصنوعات کے صارفین کو اچھے معیار کا دودھ اور دودھ کی مصنوعات کی مناسب فراہمی دستیاب ہو اور اس مقصد کے لیے پیداوار، مارکیٹنگ اور دودھ اور دودھ کی مصنوعات کی تقسیم کے لیے ریگولیٹری اسکیموں کی تیاری اور ان پر عملدرآمد کروانا ہے۔

(۲) مذکورہ بالا دفعات کی عمومیت اور تعصب کے بغیر، اس طرح کی کوئی بھی اسکیم تمام یا مندرجہ ذیل میں سے کسی کا اہتمام کرے گی، یعنی:۔

(الف) دودھ تیار کرنے والوں سے دودھ خریدنا اور اکٹھا کرنا؛

(ب) دودھ اکٹھا کرنا اور اس کا معائنہ کرنے کے لیے مراکز کا قیام؛

(ج) جمع شدہ دودھ کی فیکٹری تک منتقلی اور اس کی پراسنگ؛

(د) دودھ اور دودھ کی مصنوعات کی مارکیٹنگ، تقسیم اور فروخت اور ان کے لیے ڈپوؤں کا قیام؛

(ہ) خشک خوراک اور چارے کی خرید، فروخت اور تقسیم؛

(و) امداد باہمی بنیادوں پر دودھ تیار کرنے والوں کو منظم کرنا؛

(ز) دودھ کی پیداوار کنندگان کیسے فروخت یا کرایہ پر دینا نیز دودھ کی مصنوعات، کوئی پلانٹ، مشنری، گاڑی یا دیگر ساز و سامان جو دودھ کی پیداوار اور دودھ کی مصنوعات کے لیے ضروری ہو؛

(ک) دودھ کی پیداوار کنندگان کی کالونیوں کا قیام جہاں ملک پروڈیوسرز کو ہٹایا جا سکتا ہے نیز ان کے لیے اور انکے مویشیوں کے لیے مکانات اور دیگر سہولیات کی فراہمی؛

(ل) اراضی، عمارات، پلانٹس، مشینری، گاڑیاں یا دیگر ساز و سامان جو کہ کسی سکیم یا ایکٹ ہذا کے کسی دیگر مقاصد کے لیے مطلوب ہو؛

(۳) بورڈ کی جانب سے تیار شدہ سکیم منظوری کے لیے حکومت کو پیش کی جائے گی نیز ایسی منظوری کے حصوں سے قبل اس پر جذوی یا کلی طور پر عملدرآمد نہیں کیا جائے گا؛

(۴) حکومت کسی سکیم کی منظوری دے سکتی ہے یا منظوری کے لیے انکار کر سکتی ہے یا کسی سکیم جو اسے پیش کی گئی ہو دوبارہ غور کے لیے واپس کر سکتی ہے یا اس سکیم سے متعلق معلومات یا ایسی مزید تفصیلات طلب کر سکتی ہے یا اس سکیم کی مزید جائزہ لینے کی ہدایت کر سکتی ہے جو وہ مناسب خیال کرے۔

(۵) جب کوئی سکیم حکومت کی جانب سے منظور کی جا چکی ہو کارروائی سے قبل اس سکیم سے متعلق عمومی معلومات یا اس کے نمایاں خدوخال کو مجوزہ انداز سے شائع کرے گا۔

۱۵۔ **حکم وضع کرنے کا اختیار۔** (۱) بورڈ حکومت کی گزشتہ منظوری سے سرکاری گزٹ اور ایسے مقامی اختیارات میں شائع حکم کے ذریعے جیسا کہ چیئرمین مناسب خیال کرے۔

(الف) قیمتیں مقرر کرے گا جس سے زائد پر دودھ کے مختلف درجات یا کوالٹیز یا دودھ کی مصنوعات کو فروخت نہیں کیا جائے گا؛

(ب) دودھ اور دودھ کی مصنوعات جو کہ مقررہ کوالٹی کے معیار سے کم ہوں کی تیاری؛ مارکیٹنگ یا فروخت ممنوع ہو گی؛

(ج) قیمتیں مقرر کرینگے جس سے زائد پر کچا دودھ کی مختلف اقسام یا کوالٹیز کو خریدا نہیں جائے گا؛

(د) مویشیوں کی رجسٹریشن ایسے ادارہ میں اور ایسی مقررہ فیس کی ادائیگی پر کرانا مطلوب ہو گا جس کا تعین کیا گیا ہو۔

(ہ) مویشیوں کے رکھنے کی ممانعت ہو گی ماسوائے ایسی شرائط کے مختلف جو کہ مقرر کی گئی ہوں۔

(و) دودھ کے تیار کنندگان کی رجسٹریشن ایسے ادارے میں اور اس انداز اور ایسی فیس کی ادائیگی ہو جس کا تعین کیا گیا ہو کہ مطلوب ہو گی۔

(ز) دودھ یا دودھ کی مصنوعات کی کسی ایسے شخص کے ذریعے تقسیم یا فروخت، یا تقسیم کے لیے جمع کرنا یا فروخت کرنے کی ممانعت ہو گی ماسوائے ایسے ادارے کی جانب سے اس کی ایما پر اسے لائسنس کیسے جاری کر دیا گیا ہو اور وہ اس انداز اور ایسی فیس کی ادائیگی پر جس کا تعین کر دیا گیا ہو۔

(ک) وہ ہدایت کرے گا کہ باہر سے فروخت کے لیے لایا گیا تمام دودھ صرف بورڈ کو اس انداز میں یا ایسی فیس کی ادائیگی پر اور ایسے مقامات پر جن کا تعین کر دیا گیا ہو۔ فروخت کیا جائے۔

(ل) قانون وضع کرے گا کہ

(i) دودھ اور دودھ کی مصنوعات کی تیاری، ٹریٹمنٹ، نقل و حمل، جمع کرنا، ذخیرہ کرنا اور فروخت کے سلسلہ میں دیئے گئے طریقوں پر عمل کیا جائے گا؛

(ii) ذیلی شق (i) میں مختص کسی مقصد کے لیے متعمل احاطہ، پیداواری پلانٹس، سٹورز اور کسی چیز کا معائنہ کرنا؛

(iii) ایکٹ ہذا کے تحت کسی امور کی انجام دہی کے لیے ماسوا مختلف درجات کے حامل اشخاص کی جانب سے کتابیں اور ریکارڈز کا رکھنا؛

(iv) دودھ اور دودھ کی مصنوعات کا لیبل لگانا؛

(v) دودھ اور دودھ کی مصنوعات کے لیے استعمال کئے جانے والے کنٹینرز کا تجویز کرنا۔

۱۶۔ **منصوبہ جات کی تیاری۔** ایکٹ ہذا کی تصریحات اور قواعد و ضوابط کی رو سے بورڈ، حکومت کی تحریری طور پر گزشتہ منظوری کے لیے اہداف کی تعمیل کے لیے منصوبہ کا خاکہ تیار کرے گا۔

۱۷۔ **سکیموں اور پراجیکٹس کا بنانا۔** بورڈ سکیمیں وضع کرنے کے لیے حکومت کی جانب سے مجوزہ سکیمیں اور پراجکٹس تیار کرے گا اور انہیں حکومت کی منظوری کے لیے مجوزہ انداز سے پیش کرے گا۔

۱۸۔ **معاون ادارہ۔** بورڈ، حکومت کی پیشگی منظوری سے سکیمز یا پراجیکٹ پر عملدرآمد کے لئے یا مذکورہ کسی ادارہ کو اپنے اختیارات اور امور جیسا کہ وہ مناسب سمجھے تفویض کرنے یا حوالے کرنے کے لئے خصوصی معاون ادارے قائم کر سکتا ہے۔

۱۹۔ **تجارتی لین دین۔** بورڈ کسی فرد یا ادارہ سے تجارتی لین دین کر سکتا ہے۔

۲۰۔ **بورڈ فنڈ۔** (۱) بورڈ کے سپرد "ملک بورڈ فنڈ" سے موسوم ایک فنڈ ہو گا جو بورڈ پراجیکٹ ڈائریکٹر، افسران، ایڈوائزر اور ملازمین کو تنخواہیں اور دیگر معاوضہ جات کے ادائیگی سمیت ایکٹ ہذا کے تحت امور سے متعلق چارجز کی ادائیگی کیلئے بورڈ کی جانب سے استعمال کیا جائے گا۔

(۲) ملک بورڈ فنڈ مشتمل ہو گا۔

(الف) حکومت کی جانب سے دی گئی گرانٹس؛

(ب) حکومت سے حاصل کردہ قرضہ جات؛

(ج) مقامی اداروں کی جانب سے دی گئی گرانٹس جیسا کہ حکومت متقاضی ہو؛

(د) حکومت کی عمومی یا خصوصی منظوری سے بورڈ کی جانب سے حاصل کردہ قرضہ جات؛

(ہ) وفاقی حکومت کی گزشتہ منظوری سے حاصل کردہ غیر ملکی امداد و قرضہ جات؛

(و) بورڈ کی جانب سے وصول کردہ تمام فیس بشمول لائسنس فیس اور؛

(ز) بورڈ کی جانب سے وصول کردہ تمام دیگر رقوم؛

۲۱۔ **پروڈیوسر۔ کلیکٹرز ڈسٹری بیوٹرز، ٹرانسپورٹرز، ریٹلرز کی رجسٹریشن۔** بورڈ کی جانب سے پروڈیوسرز، کلیکٹرز (ڈسٹری بیوٹرز) ٹرانسپورٹرز اور ریٹلرز کو مکمل نام اور ایڈرس خصوصاً علاقہ کا نام فراہم کرنے پر رجسٹر کیا جائے گا جو پروڈیوسرز، کلیکٹرز (ڈسٹر بیوٹرز) ٹرانسپورٹرز اور ریٹلرز مذکورہ دفعہ کے مطابق رجسٹر میں وہ ایڈرس میں کسی تبدیلی کی صورت میں بورڈ کو مطلع کریں گے۔

۲۲۔ **فنڈ کی تحویل و سرمایہ کاری۔** (۱) بورڈ کسی خزانہ، ذیلی خزنہ یا حکومت کی جانب سے منظور کردہ بینک میں رقم رکھ سکتا ہے۔

۲۳۔ **بجٹ۔** بورڈ اپنے سالانہ بجٹ کے تخمینہ جات تیار کرے گا اور مجوزہ تاریخ تک حکومت کو پیش کرے گا اور حکومت مذکورہ تخمینہ جات میں مذکورہ حد تک ردوبدل کر سکتی ہے جیسا کہ وہ ضروری متصور کرے۔

۲۴۔ **قواعد وضع کرنا کا اختیار۔** (۱) حکومت ایکٹ ہذا کی تصریحات کو مؤثر بنانے کے مقصد کے لئے سرکاری جریدہ میں نوٹیفکیشن کے ذریعے قواعد وضع کر سکتی ہے۔

(۲) خصوصاً اور اختیار کی عمومیت سے طرفداری کے بغیر حسب ذیل مقاصد کے لیے مذکورہ قواعد کی صراحت کرتی ہے۔

(الف) حکومت کی جانب سے بورڈ کے امور کا مسلسل جائزہ لینا؛

(ب) منظور شدہ بجٹ میں سے فنڈز کی از سر نو تخصیص؛

(ج) بورڈ اور دیگر ادارے لوکل گورنمنٹ ایکٹ آف اسلام آباد کے تحت تشکیل کردہ لوکل کونسلز سمیت انتظامیہ و ترقی سے متعلقہ اتھارٹیز کے مابین روابطہ کی بحالی؛

(د) پراجیکٹ ڈائریکٹر کے اختیارات، فرائض اور امور؛ اور

(ہ) ایکٹ ہذا کی تصریحات کو درکار کوئی دیگر معاملہ؛

۲۵۔ **ضوابط وضع کرنے کا اختیار۔** (۱) ایکٹ ہذا اور قواعد کی تصریحات کی صورت میں، بورڈ سرکاری جریدہ میں نوٹیفکیشن اور حکومت کی سابق تحریری منظوری کے ذریعے ایکٹ ہذا کے مقاصد کے لیے ضوابط وضع کر سکتا ہے۔

(۲) خصوصاً اور اختیار کی عمومیت سے طرف داری کے بغیر حسب ذیل مقاصد کے لیے مذکورہ ضوابط کی صراحت کی جاتی ہے؛

(الف) خصوصی معاملہ یا معاملات پر غور کرنے کے لیے کمیٹیز کی تقرری؛

(ب) بورڈ کی جانب سے رقم کی سرمایہ کاری؛

(ج) بورڈ کی اجلاس؛

(د) بورڈ کی جانب سے اس کی اسکیموں اور منصوبوں کے مسلسل جائزے کو یقینی بنانے کے لیے طریق کار؛

(ہ) بورڈ کے افسران اور ملازمین کی ملازمت کی شرائط و قیود کا تعین؛

(و) بورڈ کے فنڈز کے آپریشن اور انہیں خرچ کرنے کا طرز عمل؛

(ز) قواعد کے ذریعے فراہم کیے جانے والا، ایکٹ ہذا کی تصریحات کے ذریعے تفاننا کردہ کوئی دیگر معاملہ۔

۲۶۔ **چیئرمین وغیرہ سرکاری ملازم تصور ہوں گے۔** چیئرمین، ہر رکن، پراجیکٹ ڈائریکٹر، ہر افسر، مشیر اور بورڈ کا ملازم مجموعہ تعزیرات پاکستان (۴۵ بابت ۱۸۶۰) کی دفعہ ۲۱ کے معنی کے اندر سرکاری ملازم تصور ہو گا۔

۲۷۔ **سرکاری ملازمین کی رخصت، الاؤنسز اور پنشن کی طرف بورڈ کی شراکت۔** بورڈ وفاقی حکومت کی سروسز میں کسی فرد اور بطور پروجیکٹ ڈائریکٹر، مشیر، افسر بورڈ کے ملازم نوکری پر رکھے کے لیے فرد جیسا کہ ایسی حکومت کے تحت اس کی ملازمت کی قیود متقاضی ہوں، کو یا اس کی ایما پر رخصت، الاؤنسز اور پنشن کی ایسی شراکت کی ادائیگی کا مستوجب ہو گا۔

۲۸۔ **سزائیں۔** جو کوئی دفعہ ۱۵ کے تحت کسی حکم کی خلاف ورزی کرتا ہے یا اس کی تعمیل میں ناکام ہو جاتا ہے اُسے قید جس کی مدت چھ مہینے سے زیادہ نہ ہو، یا جرمانہ جو کہ ایک ہزار روپے سے زیادہ نہ ہو یا دونوں کی سزا دی جائے گی۔

۲۹۔ **پراسیکیوشن کے لیے اتھارٹی۔** کوئی عدالت ایکٹ ہذا کے تحت قابل سزا کسی جرم کا چیئرمین یا بورڈ کی جانب سے مجاز بنائے گئے کسی فرد کے بالعموم یا اس حوالے سے خصوصی حکم پر شکایت کے سوا نوٹس نہیں لے گی۔

۳۰۔ **واجبات کی بازیابی۔** چیئرمین یا اس کی جانب سے عام یا خاص طور پر مجاز بنایا گیا کوئی فرد ایکٹ ہذا کے تحت کسی واجب الادا رقم کی بازیابی یا ایکٹ ہذا کے تحت طے کیے گئے معاہدہ کے ذریعے مجاز اتھارٹی کو درخواست دے سکتا ہے اور مذکورہ اتھارٹی لینڈ ریونیو کے بقایاجات کے طور پر رقم کی بازیابی کے لیے کارروائی عمل میں لائے گی۔

۳۱۔ **قانونی کارروائیوں اور قانونی مشورہ کے حصول کے تعین وغیرہ کے طور پر۔** بورڈ کے کنٹرول سے مشروط، چیئرمین۔

(i) ایکٹ ہذا کے تحت قانونی کارروائیوں کے قیام، دفاع یا انہیں واپس لے سکتا ہے؛

(ii) ایکٹ ہذا کے خلاف کسی جرم کی مصالحت کر سکتا ہے؛

(iii) ایکٹ ہذا کے تحت کیے گئے کسی دعوی کو تسلیم، اس پر سمجھوتہ، یا اسے واپس لے سکتا ہے؛ نیز

(iv) ایسا قانونی مشورہ یا مدد جو وہ وقتاً فوقتاً حاصل کرنا ضروری یا لازمی تصور کرے یا دفعہ ہذا کی مندرجہ بالا شقات میں محولہ کسی مقصد کے لیے یا قانونی تکمیل کے حصول کے لیے اسے ودیعت کردہ کسی اختیار یا بورڈ پر یا بورڈ کے کسی بغیر یا ملازم پر عائد کردہ کسی فرض کے انجام دہی کے لیے بورڈ کے چاہنے سے حاصل کر سکتا ہے۔

۳۲۔ **بورڈ وغیرہ کو استثناء۔** بورڈ چیئرمین، پراجیکٹ ڈائریکٹر یا کوئی افسر، مشیر یا بورڈ کا ملازم یا بورڈ یا چیئرمین، پراجیکٹ ڈائریکٹر یا کسی افسر یا بورڈ کے ملازم کی ہدایت پر عمل کرنے والے کسی فرد پر ایکٹ ہذا کے تحت قانونی طریقے اور نیک نیتی اور مناسب توجہ سے کیے گئے کسی عمل کے حوالے سے کوئی مقدمہ قابل عمل نہیں ہو گا۔

۳۳۔ **بورڈ کے خلاف مقدمے کا نوٹس۔** (۱) بورڈ، چیئرمین، پراجیکٹ ڈائریکٹر، بورڈ سے منسلک کوئی فرد یا کسی افسر، مشیر یا بورڈ کے ملازم یا بورڈ کی ہدایت پر یا چیئرمین کے لیے کام کرنے والے کسی فرد، پراجیکٹ ڈائریکٹر یا کسی افسر یا بورڈ کے خلاف ایکٹ ہذا کے تحت انجام دیئے جانے والے کسی عمل کے حوالے سے کوئی مقدمہ قائم نہیں کیا جائے گا، جب تک کہ تحریری نوٹس جو کہ بورڈ کی صورت میں اس کے دفتر میں اور بصورت دیگر کسی فرد کے خلاف مقدمہ کرنا ہو، کی رہائش کی جگہ یا دفتر میں پہنچایا نہیں جاتا، جس میں واضح طور پر کارروائی کی وجہ طلب کئے گئے ریلیف کی نوعیت، دعویٰ کردہ معاوضے کی رقم اور متوقع مدعی کا نام اور رہائش کی جگہ بیان کی گئی ہو، کو دو مہینے گزر نہیں جاتے؛ نیز مقدمہ درج ہونے کی صورت میں فریاد میں یہ بیان ہو گا کہ ایسا نوٹس اسی طرح سے ارسال کیا گیا ہے یا چھوڑ دیا گیا ہے:

مگر شرط یہ ہے کہ جہاں پر مذکورہ بالا نوٹس دے یا چھوڑے بغیر یا مذکورہ دو مہینوں کا عرصہ ختم ہونے سے پہلے یا فریاد میں ایسا نوٹس ملنے یا نہ ملنے کا ذکر کیے بغیر اگر ایسا کوئی مقدمہ کیا گیا تو مدعی کو اس کا خرچہ نہیں دیا جائے گا]۔

(۲) اگر بورڈ یا دوسرا شخص جس کا ذیلی دفعہ (۱) میں حوالہ دیا گیا ہے، کارروائی کے آغاز ہونے سے قبل، مدعی کو معقول رقم دیتا ہے تو عدالت کے خیال میں مذکورہ مدعی کو اضافی رقم کی ادائیگی واپس نہیں ہو گی اور اس ادائیگی کے بعد اس کو مدعا علیہ کے بھی تمام اخراجات برداشت کرنا ہوں گے۔

(۳) ذیلی دفعہ (۱) میں وضع کردہ کوئی بھی کارروائی اس وقت تک شروع نہیں کی جائے گا جب تک کہ وہ غیر منقولہ جائداد کی بازیابی یا اس کی استقدار حقیقت کے لیے نہ ہو اور کارروائی کی وجہ معلوم ہونے کے بعد چھ ماہ سے زائد عرصہ گزر چکا ہو:۔

مگر شرط یہ ہے کہ ذیلی دفعہ (۱) میں وضع کردہ کسی بھی چیز کا اطلاق ایسے مقدمہ پر ہو گا جس میں حکم امتناء کے ذریعے ریلیف مانگا گیا ہو جس کا مقصد نوٹس جاری کرنے یا مقدمہ / کارروائی کے آغاز کو مؤخر کرنے سے ختم ہو جائے گا۔

۳۴۔ **بورڈ کے ریکارڈز کا ثبوت کا طریقہ کار۔** کسی رسید، درخواست، منصوبہ، نوٹس، حکم نامہ، رجسٹر میں اندراج کی نقل یا بورڈ کی ملکیت کے دیگر دستاویزات، اگر قانونی نگرانی یا بورڈ کی جانب سے اس کی طرف سے کسی دیگر مجاز فرد سے تصدیق شدہ ہوں تو اس اندراج یا دستاویز کی موجودگی کو بادی النظر شہادت کے طور پر تصور کیا جائے گا اور اس کو معاملہ اور ٹرانزیکشن کی اصل دستاویزات جو ایسے معاملات جیسا ثبوت کے طور پر تسلیم کیے جاتے ہیں، کو معاملہ کی شہادت تصور کیا جائے گا۔

۳۵۔ **بورڈ کے ملازمین کو دستاویزات پیش کرنے کی طلبی پر پابندی۔** کسی چیئرمین، پراجیکٹ ڈائریکٹر، مشیر، افسر یا بورڈ کے ملازم کو کسی قانونی کارروائی جس میں بورڈ فریق نہ ہو، کو کوئی رجسٹر یا دستاویزات سابقہ سیکشن کے تحت تصدیق شدہ کاپی کے ساتھ پیش کرنے کی ضرورت نہیں ہو گی، یا معاملات اور ٹرانزیکشن کو ثابت کرنے کے لیے بطور گواہ پیش ہونے کی ضرورت نہیں ہو گی جب تک کے کسی خاص مقصد کے لیے عدالت حکم جاری نہ کرے۔

۳۶۔ **کارروائی کی توثیق۔** (۱) ایکٹ ہذا کے تحت کی گئیں کارروائیوں پر حسب ذیل وجوہات کی بناء پر سوال نہیں اٹھایا جائے گا۔

(الف) کسی اسامی کی موجودگی، یا بورڈ کے دستور میں کسی خامی پر؛

(ب) کسی فرد کی رکنیت ختم ہونے کے باوجود اپنا کام جاری رکھنے پر؛ یا

(ج) کیس کی میرٹ پر اثر انداز نہ ہونے والی کسی بے ضابطگی یا خامی یا اس کی غلطی پر؛

(۲) بورڈ کے ہر ایک اجلاس، کارروائی کی روداد جو دفعہ ۱۱ کی شق (۵) کے تحت دستخط شدہ ہو، کو تمام خامیوں اور بے ضابطگیوں کے بغیر مناسب انعقاد کے طور پر تصور کیا جائے گا۔

۳۷۔ **معاوضہ ادا کرنے کے بورڈ کے عمومی اختیارات۔** ایکٹ ہذا میں کسی خاص کیس کے علاوہ، بورڈ، حکومت کی پیشگی منظوری سے کسی ایسے شخص جس کو ایکٹ ہذا کے تحت اپنے اختیارات کے استعمال کے دوران کوئی نقصان ہو یا چیئرمین، پروجیکٹ ڈائریکٹر، یا کوئی افسر یا بورڈ کا ملازم ہو، کو مناسب معاوضہ ادا کر سکتا ہے۔

۳۸۔ **حسابات و محاسبہ** ۔ (۱) بورڈ، حکومت کے مقرر کردہ طریق کار اور جاری کردہ عمومی ہدایات کے تحت خصوصی طور پر حسابات اور دیگر متعلقہ رکارڈز کی نگرانی کرے گا اور حسابات کا سالانہ گوشوارہ بشمول نفع و خسارہ اکاؤنٹ اور بیلنس شیٹ تیار کرے گا۔

(۲) بورڈ کے اکاؤنٹس، آڈیٹر جنرل پاکستان کی جانب سے آڈٹ کیے جائیں گے۔

(۳) بلحاظ اس امر کہ ذیلی (۲) میں صراحت کردہ حسابات کی آڈٹ آڈیٹر جنرل کرے گا یا کروائے گا۔

(۴) بورڈ تمام کھاتہ جات کی کتب اور اس سے متعلقہ دستاویزات اور ایسی وضاحت و معلومات فراہم کرے گا جیسا کہ آڈٹ کے موقع پر اکاؤنٹنٹ جنرل طلب کر سکے۔

(۵) کھاتہ جات کا گوشوارہ چارٹرڈ اکاؤنٹ پر مالی سال کے اختتام پر جتنا جلد ممکن ہو حکومت کو ارسال کریگا۔

۳۹۔ **سالانہ رپورٹ۔** بورڈ کے مالی سال کے اختتام پر جتنا جلد ممکن ہو اس سال کے لیے اپنے معاملات حکومت کو رپورٹ پیش کرے گا۔

۴۰۔ **بورڈ کی تحلیل** ۔ (۱) حکومت سرکاری جریدے میں نوٹیفکیشن کے ذریعے اعلان کرے گا کہ اس تاریخ جیسا کہ نوٹیفکیشن میں مقرر کی جائے گی کو رڈ تحلیل ہو جائے گا اور بورڈ اس تاریخ سے تحلیل متصور ہو گا۔

(۲) مذکورہ تاریخ سے۔

(الف) تمام املاک، فنڈ اور واجبات جو مذکورہ تاریخ سے فوری قبل فی الفور بورڈ کی تحویل میں یعنی حکومت کے تحویل میں آجائیں گے اور یہ وصول کرے گی۔

(ب) تمام اثاثہ جات جو مذکورہ تاریخ سے قبل فی الفور بورڈ کے ضمن میں نافذ العمل ہو تو ہو حکومت سے متعلق نافذ العمل ہونگے۔

(ج) ایکٹ ہذا کے تحت کسی بھی منظور شدہ اسکیم یا منصوبہ جو مکمل طور پر عملدرآمد کے مقصد کیلئے ہو جس پر مکمل طور پر بورڈ کی جانب سے عمل درآمد یقینی کیا گیا ہے اور املاک کے حصول، فنڈ اور واجبات جس کا حوالہ شق (الف) میں دیا گیا، بورڈ کے فرائض حکومت کی جانب سے انجام دیئے جائیں گے۔

## بیان اغراض ووجوہ

دودھ اور دودھ کی مصنوعات تقریباً ہر گھر کی غذائی ضرورت ہیں۔ لہذا یہ بات اہم ہے کہ دودھ اور دودھ کی مصنوعات کی تیاری، ہینڈلنگ، پراسیسنگ اور تقسیم میں صحت مندانہ طریقہ ہائے کار کو فروغ دیا جائے۔ اسلام آباد میں دودھ کی تیاری کا کام زیادہ تر چھوٹے پیمانے کے دودھ فروش انجام دیتے ہیں جو عمومی طور پر صاف دودھ کی پیداوار اور ہینڈلنگ سے متعلق مناسب مہارت، علم اور معلومات نہیں رکھتے۔ ڈیری کے اس گرانقدر سلسلہ میں کئی دیگر اسٹیک ہولڈر بھی شامل ہوتے ہیں جو دودھ اور دودھ کی مصنوعات کی نقل وحمل، تھوک تقسیم، پراسیسنگ، مارکیٹنگ اور فراہمی کی ذمہ داریاں نبھاتے ہیں۔ دودھ اور دودھ کی مصنوعات کی حفاظت اور معیار کو یقینی بنانے کے لیے ان تمام مراحل میں اچھے اور صحت مندانہ اطوار اپنائے جانے کی ضرورت ہوتی ہے۔ دودھ کی غیر رسمی مارکیٹنگ بھی اہمیت کی حامل ہوتی ہے؛ لہذا اس مارکیٹنگ چینل کے ضمن میں تبدیلی کے کوئی اقدامات دودھ کی ہینڈلنگ کے طریقے کار کو بہتر بنائے بغیر مکمل نہیں ہوسکتے۔ لہذا اس بل کا مقصد دودھ اور دودھ کی پیداوار کے ضمن میں حفظان صحت کے اصولوں پر مبنی پیداوار، تھوک تقسیم، ہینڈلنگ، پراسیسنگ اور فراہمی کے لیے راہنما اصول وضع کرنا ہے۔ اس طرح صارف کے تحفظ کو فروغ ملے گا۔ یہ بل پیداوار، ہینڈلنگ اور مقامی طور پر تیار کردہ اور درآمد شدہ دودھ اور دودھ کی مصنوعات کی بابت صحت مندانہ طریق کار کے لیے بورڈ کے تحت ضوابط کے ذریعے کم از کم معیارات اور مقتضیات مقرر کرتا ہے۔

اس بل کا مقصد مذکورہ بالا اغراض کا حصول ہے۔

دستخط/-

محترمہ نفیسہ عنایت اللہ خان خٹک

رکن، قومی اسمبلی